© rasailojaraid.com

سے کوئی پریشانی رہتی ہے۔ یہ قرآن مجید کا اعجاز ہے جہاں مفہوم سے آگاہی نہ ہونے کے باوجود محض تلاوت سے مسلمان کے دل پر نا قابل بیان کیفیت رہتی ہے البتہ ایمان والوں پر جب اس کے رموز و معارف کھلتے ہیں اور مطالب الٰہیہ تک رسائی ہوتی ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسا کہ قرآن میں تکرار کا وجود نہیں پایا جاتا۔ اس لئے مفسرین کرام جہاں کہیں بظاہر کوئی تکرار محسوس کرتے ہیں تو اپنے اپنے ذوق کے مطابق خاص توجیہات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تا کہ کلام الٰہی کے بارے میں کسی کے دل میں کوئی ایسا شبہ نہ رہے جس سے عظمتِ قرآن متاثر ہو۔"

بلاشبہ فاضل مؤلف اس عظیم کاوش پر مبارکباد کے مستحق ہیں اور کتاب معنوی خوبیوں کے لحاظ سے بھرپور اور مملوء ہے البتہ اگر اسکی نفیس طباعت پر توجہ دی جاتی تو سونے پر سہاگہ کے مصداق یہ وقیع تالیف مزید جاذب نظر ہو جاتی (م۔ا۔ف)

---

زبدۃ الحواشی لحل سوالات (وفاق) اصول الشاشی مع الطریق النجاح لتعارف الالفاظ المصطلحہ

مؤلف: مولانا ابوسعید اللہ بخش ظفر استاذ جامعہ خیر المدارس ملتان۔ ضخامت: ۱۳۶ صفحات

قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ رحمانیہ محلہ تقسیم نگر نزد رمضانیہ مسجد مظفر گڑھ۔

مولانا ابوسعید اللہ بخش ظفر صاحب زید مجدہ ایک نامور عالم دین کامیاب و کہنہ مشق مدرس اور محقق مصنف اور شارح ہیں۔ آپ کی کئی کتابیں مطبوعہ ہیں۔ اور بعض ابھی طباعت و تکمیل کے مراحل سے گزر رہی ہیں۔ اس زیر تبصرہ کتاب سے پہلے آپ نے علم نحو کی مشہور و متداول کتاب ہدایۃ النحو کے وفاق المدارس کے امتحانات کے سوالیہ پرچوں کا حل پیش کیا ہے۔ جو کہ علمی حلقوں میں بہت مقبول ہے۔ اب کے بار آپ نے اصول الشاشی کے سوالیہ پرچوں کا حل لکھا ہے۔ اور یہ بھی انشاء اللہ آپ کی پہلی کتاب کی طرح علماء مدرسین اور طلبہ کی طرف سے سندِ قبولیت پائے گی۔ اصول شاشی چونکہ علم اصول فقہ کی ابتدائی کتاب ہے اور ہر نئے علم اور فن کے لئے اس کی اصطلاحات سے کماحقہ واقف ہونا ازحد ضروری ہے۔ اس لئے فن کی اولین کتاب گو کہ وہ کتاب اتنی مشکل نہ ہو لیکن اس میں استاذ کو پڑھانے و سمجھانے اور متعلم کو پڑھنے اور سمجھنے میں خاصی دقت پیش آتی ہے۔ اس لئے فاضل مصنف نے اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کتاب تالیف فرمائی جو کہ انتہائی مفید اور طلبہ کے لئے دوررس نتائج کی حامل کوشش ہے اس کتاب میں دس سال کے وفاق المدارس کے پرچہ جات کا حل آ گیا ہے۔ اور آخر میں مزید فائدے کے لئے مؤلف علام نے علم اصول فقہ کی چند اصطلاحات کی وضاحت اور ان کا مختصر تعارف بھی پیش کیا ہے' جس کو الطریق النجاح لتعارف الالفاظ المصطلحہ سے موسوم کیا ہے۔ امتحانی نکتہ نگاہ سے معاون ثابت ہونے والے بیس اصول بھی ذکر کئے ہیں۔ تا کہ طالب علم کو امتحان اور حل پرچہ جات میں آسانی ہو بلاشبہ مؤلف کی یہ کاوش جو کہ انتہائی دقت طلب ہے۔ قابل ستائش و لائق داد ہے فقیہ النفس حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب مدظلہ العالی کی مختصر مگر جامع تقریظ اس کتاب کی ثقاہت کی بین دلیل ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔ (م۔ا۔ف)

© rasailojaraid.com